Mazhar/Shahabullah

28-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں          شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندرمودی آج نئی دلی میں،جین برادری کے روحانی پیشوا آچاریہ ودیانندجی مہاراج کی صدسالہ تقریبات کا افتتاح کریں گے۔

2 بھارت نے وادی سندھ کے آبی سمجھوتے کے تحت، ثالثی کی، غیرقانونی طور پر تشکیل شدہ عدالت کی طرف سے دیئے گئے ضمنی حکم کو مسترد کردیاہے۔بھارت نے اِسے دہشت گردی کے عالمی مرکز کے طور پر اپنے رول کے تئیں جوابدہی سے بچنے کی پاکستان کی ایک اور ترکیب قرار دیاہے۔

3 آپریشن سندھو کے تحت ایران اور اسرائیل کے، تنازعے والے علاقوں سے ابھی تک 4ہزار 400 سے زیادہ باشندوں کو نکالاگیاہے۔

4 سرکاری، Mazagon Dock Shipbuilders، سری لنکا کولمبو گودی میں،شیئرز کا کنٹرولنگ حصہ حاصل کرے گی۔

5 اور خواتین کرکٹ میں آج شام نوٹنگھم میں پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Acharya

وزیر اعظم نریندر مودی جین روحانی پیشوا اور سماجی اصلاح کار آچاریہ ودیانند جی مہاراج کے یومِ پیدائش کی صد سالہ تقریبات کا نئی دلی میں افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر جناب مودی ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔
آچاریہ ودیانند مہاراج کی 100 ویں سالگرہ کے موقع پر انھیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کے سلسلے میں بھگوان مہاویر اہنسا بھارتی ٹرسٹ کے اشتراک میں حکومت کی جانب سے اس تقریب کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے ساتھ ہی آچاریہ ودیانند جی مہاراج کو قومی خراجِ عقیدت کے طور پر ایک سال جاری رہنے والی تقریبات کا آغاز ہوگا۔
آچاریہ ودیانندجی نے ملک بھر میں قدیم جین مندروں کے احیا میں اہم رول ادا کیا تھا اور خاص طور سے پراکرت زبان میں تعلیم، جین فلسفے اور کلاسیکی زبانوں کے لیے کام کیا تھا۔x

MEA Indus Water

بھارت نے، مرکز کے زیرانتظام علاقے میں واقع، کشن گنگا اور رتلے پن بجلی پروجیکٹوں پر، ثالثی کی نام نہاد عدالت کی طرف سے جاری ایک حکم کو مسترد کردیاہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں ثالثی کی اس غیرقانونی عدالت کی طرف سے جاری کئے گئے اِس

ضمنی حکم کو مسترد کردیا ہے۔ یہ عدالت مبینہ طور پر وادی سندھ کے آبی سمجھوتے 1960 کے تحت تشکیل دی گئی تھی۔
وزارت نے کہا کہ بھارت نے، ثالثی کی اِس عدالت کے قانونی جواز کو کبھی تسلیم نہیں کیا۔ وزارت نے اِس عدالت کی تشکیل کو وادی سندھ کے آبی سمجھوتے کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس عدالت کے سامنے جو کچھ بھی کارروائی کی جائے گی یا کوئی فیصلہ کیا جائے گا وہ غیرقانونی ہوگا۔
وزارت نے کہا کہ وادی سندھ کا آبی سمجھوتہ، پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد بھارت کی طرف سے معطل کردیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ، پاکستان کی طرف سے کی جانے والی، سرحد پار کی دہشت گردی کے تناظر میں کیا گیا ہے۔
وزارت خارجہ نے کہا کہ پاکستان کی یہ ایک اور تازہ ترین چالاکی ہے کہ اُس نے یہ ناکام کوشش کی ہے کہ وہ دہشت گردی کے عالمی مرکز کے طور پر اپنے رول کی جوابدہی سے بچ سکے۔x

## Operation Sindh

آپریشن سندھو کے تحت خصوصی پروازوں کے ذریعے اب تک چار ہزار چار سو پندرہ بھارتیہ شہریوں کو وطن واپس لایا جا چکا ہے۔ ان میں سے تین ہزار 597 کو ایران اور 818 افراد کو اسرائیل سے بحفاظت ملک واپس لایا گیا۔
ایک بیان میں وزارتِ خارجہ نے کہا کہ 14، OCI کارڈ رکھنے والے 9 نیپالی شہری، 4 سری لنکا کے شہری اور ایک بھارتی شہری کی ایرانی شریکِ حیات کو بھی ایران سے بھارت لایا گیا ہے۔ وطن واپس لائے گئے بھارتیہ شہریوں میں ایک ہزار پانچ سو خواتین اور 500 بچے شامل ہیں۔x

## Bihar E Voting

بہار، ملک کی ایسی پہلی ریاست بن گئی ہے جہاں بلدیاتی اداروں کے انتخابات اور ضمنی انتخابات میں، موبائل ایپ کا استعمال کرتے ہوئے ای ووٹنگ سہولت کا آغاز کیا گیا ہے۔ یہ انتخابات ریاست میں آج منعقد کئے جا رہے ہیں۔
پولنگ 6 نگر پنچایتوں اور 36 دیگر بلدیاتی اداروں میں کرائی جارہی ہے۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی تھی اور یہ سہ پہر پانچ بجے تک جاری رہے گی۔
ای ووٹنگ کیلئے رائے دہندگان اپنے گھروں سے ہی دوپہر ایک بجے تک ووٹ دے سکیں گے۔ریاست کے انتخابی کمشنر دیپک پرساد نے اِسے ایک تاریخی دن قرار دیا ہے۔

SB Deepak Parsad

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

VC- Dharmendra

**بہار میں، ریاستی انتخابی کمیشن نے آج بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں ای-ووٹنگ کی سہولت کا آغاز کیا ہے، جو ووٹروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کا ٹیکنالوجی کا ایک اور اختراعی طریقہ ہے۔ اس سے سب کی شمولیت والی ووٹنگ کے مقصد میں مدد ملے گی، جو جمہوریت کی جان ہے۔ اِس سے ووٹروں کیلئے ایک بڑی سہولت فراہم ہوگی اور یہ شہری علاقوں کیلئے ایک نعمت ثابت ہوگی۔ریاست کے انتخابی کمیشن نے ابھی تک ووٹروں کی تصدیق کیلئے چہرے کی شناخت کا نظام FRS ووٹوں کی گنتی میں OCR نظام اور EVM کیلئے ڈیجیٹل لاک کا نظام شروع کیا ہے، جس کی وجہ سے پنچایتی راج اور شہری مقامی اداروں کے انتخابی عمل میں ٹیکنالوجی کا بڑے پیمانے پر استعمال شروع ہوگیا ہے۔**

**پٹنہ سے دھرمیندرکمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں کونین حیدر**

NCW Kolkata

قومی کمیشن برائے خواتین نے جنوبی کولکاتہ میں پیش آئے ایک واقعے کا از خود نوٹس لیا ہے جس میں قانون کی ایک طالبہ کے ساتھ کالج کے احاطے میں مبینہ طور پر اجتماعی عصمت دری کی گئی۔ کمیشن نے کولکاتہ کے پولیس کمشنر کو ایک خط تحریر کیا ہے جس میں اس نے واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کارروائی سے متعلق تفصیلی رپورٹ تین دن کے اندر پیش کرنے کا مطالبہ ہے۔

اس واقعے میں ملوث ایک اہم ملزم کی ترنمول کانگریس کے طالب علم لیڈر کے طور پر شناخت ہونے کے بعد کل پورے کولکاتہ میں مظاہرے شروع ہوگئے۔ اپوزیشن پارٹیوں نے بھی ممتا بنرجی کی قیادت والی ترنمول کانگریس کی سخت نکتہ چینی کی اور حکمراں پارٹی کے لیڈروں اور مجرمانہ عناصر کے درمیان ساز باز ہونے کا الزام لگایا۔

اس واقعے کے تعلق سے اب تک لاء کالج کے دو موجودہ طلبا اور ایک سابق طالب علم کو گرفتار کیا گیا ہے۔ تینوں ملزمین کو منگل تک پوچھ تاچھ کے لیے پولیس تحویل میں دے دیا گیا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

MDL Colombo Dockyard

بھارت کی Mazagon Dock Shipbuilders Ltd، MDL نے، کولمبو گودی PLC میں 51 فیصد کا کنٹرولنگ حصہ حاصل کرنے کا فیصلہ کیاہے۔ یہ گودی سری لنکا کی سب سے بڑی اور سب سے مستحکم گودی ہے۔ بھارت نے یہ کنٹرولنگ حصہ، جاپان کی اونو مچی گودی سے 442 کروڑ روپے کے سودے کے تحت حاصل کیا ہے۔

سرکاری MDL نے اس سلسلے میں اونو مچی کے ساتھ کچھ وضاحتی سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔ اس کے علاوہ MDL، سری لنکا کی اِس کمپنی کی طرف سے جاری کئے گئے تازہ شیئرز بھی خریدے گی تاکہ اِس کمپنی کی مالی صورتحال مزید مستحکم ہوجائے۔

VC- Ahamd Muyeen Farooqi

Sambhalpur MCL

مہاندی کول فیلڈس لمیٹیڈ MCL نے مالی سال 2025 کے دوران 22 کروڑ 50 لاکھ ٹن سے زیادہ کوئلہ نکالنے کا نیا ریکارڈ قائم کیاہے۔ یہ مقدار پچھلے مالی سال کے مقابلے 9فیصد زیادہ ہے۔

MCL کول انڈیا لمیٹیڈ کی ایک ذیلی کمپنی ہے جو کوئلہ نکالنے والی، بھارت کی سرفہرست کمپنیوں میں سے ایک ہے۔

VC- Adarsh

**MCL نے مالی سال 2024-25 میں 21 کروڑ ٹن کوئلہ مختلف بجلی اسٹیشنوں اور دیگر صارفین کو سپلائی کیاتھا۔ MCL کے مطابق اِس میں سے 98فیصد کوئلہ، کانکنی کے ماحول کیلئے سازگار طریقوں سے نکالا گیاتھا۔ اِس کے علاوہ کُل سپلائی کا 78 فیصد حصہ، ریلویز اور Merry-Go Round MGR جیسے ماحول کیلئے سازگار ٹرانسپورٹ وسیلوں کا استعمال کرکے بھیجا گیاتھا۔ آکاشوانی کے نامہ نگار سے خصوصی بات چیت میں، MCL کے چیئرمین وینجنگ ڈائرکٹر Uday A Kaole نے کہا کہ پچھلے سال، کمپنی نے روزانہ اوسطاً دس Rakes بھرے تھے، لیکن اب اِس صلاحیت میں اضافہ ہوگیاہے اور اب روزانہ ستائیس Rakes بھرے جاتے ہیں۔**

انہوں نے کہا کہ یہ ترقی، پچھلے گیارہ سال کے دوران مودی حکومت کی دوراندیشی اور

قریبی نظر رکھے جانے کی وجہ سے ہوئی ہے۔

**SB- MCL CMD Uday A kaole**

انہوں نے یہ بھی کہا کہ پی ایم گتی شکتی جیسے اقدامات کی وجہ سے صارفین تک، کوئلہ کے ٹرانسپورٹیشن میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

**SB- MCL CMD Uday A kaole**

**MCL** ، خوش اسلوبی اور شفافیت کے ساتھ کئے جانے والے کاروبار کو یقینی بنانے کیلئے اپنے نظام میں **IT** پر مبنی طریقِ کار کو شامل کررہی ہے۔ اِس میں **CCTV** نگرانی اور گاڑیوں کا **GPS** کے طریقے سے پتہ لگانے کا نظام بھی شامل ہے۔

سنبھل پور سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسلم بیگ

## Mospi Agri Report

ملک کے زراعت اور اُس سے متعلقہ شعبوں میں، موجودہ قیمتوں میں، Gross Value Added میں قابل ذکر 225 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ 12-2011 میں ایک ہزار 502 ہزار کروڑ روپے تھی جو 24-2023 میں چار ہزار 878ہزار کروڑ روپے ہوگئی۔
اعدادوشمار کے قومی دفتر کے مطابق مستحکم قیمتوں میں، اشیاء اور خدمات کی مجموعی قدر میں بھی 55 فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 2ہزار949 ہزار کروڑروپے ہوگئی۔

## Water Tax

حکومت نے ان دعووں سے انکار کیاہے کہ وہ زرعی مقاصد کیلئے استعمال کئے جانے والے پانی پر ٹیکس عائد کرنے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ جل شکتی کی وزارت نے وضاحت کی ہے کہ نئی اسکیم ''کمان علاقے کی ترقی اور پانی کے بندوبست'' کے تحت ٹیکس عائد کئے جانے کی افواہیں، بے بنیاد اور جھوٹی ہیں۔
وزارت کے مطابق اِس آزمائشی پروجیکٹ کے تحت ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے اور نہ ہی حکومت کی طرف سے کوئی ہدایت ہے۔
وزارت نے کہا کہ میڈیا کے کچھ طبقوں کی طرف سے دی گئی یہ اطلاع صحیح نہیں ہے اور گمراہ کن ہے کہ مرکز کی طرف سے آزمائشی طور پر شروع کی گئی اِس اسکیم کے تحت اب پانی کے استعمال پر محصول دینا ہوگا۔x

## US Canada Trade Talks

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انھوں نے کناڈا کے ساتھ تجارتی بات چیت ختم کردی ہے اور وہ اب کناڈا کے لیے محصول کی ایک نئی شرح کا جلد ہی اعلان کریں گے۔
یہ تازہ ترین واقعہ جس کا اعلان انھوں نے سوشل میڈیا پر کیا ایسے وقت میں پیش آیا جبکہ پڑوسی ممالک جولائی کے وسط تک ایک تجارتی سمجھوتے پر اتفاق کرنے کے تیئں کام کر رہے تھے۔ اس سال کے اوائل میں ٹرمپ نے تجارتی جنگ چھیڑی تھی اور معاشی طاقت کا استعمال کرتے ہوئے کناڈا کے الحاق کی دھمکی دی تھی، جس کے بعد دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کی اشیا پر محصولات نافذ کردیئے ۔x

## US Court Trump

امریکہ کے سپریم کورٹ نے حکم دیاہے کہ نچلی عدالتوں کے ججوں کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ صدارتی احکامات پر روک لگاسکیں۔ نچلی عدالتوں کے احکامات کی وجہ سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے، کئی مہینے کے ایجنڈے میں رکاوٹ آئی ہے۔ امریکی صدر نے عدالت کے اِس فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ اُن کی انتظامیہ کے سبھی منصوبوں پر اب پیشرفت ہوسکے گی۔
پیدائش کی بنیاد پر شہریت کو ختم کرنے کی صدر ٹرمپ کی کوشش پر تین کے مقابلے 6 کے حکم میں عدالت نے کہا کہ ضلع

عدالت کے انفرادی ججوں کی طرف سے جاری ملک گیر احکامات، اُن کے اختیارات سے تجاوز کرتے ہیں۔
سپریم کورٹ نے صدر ٹرمپ کے اُس ایگزیکٹو آرڈر کے آئینی جواز پر کوئی حکم نہیں دیا، جس میں بچوں کو، امریکہ میں پیدائش پر خودبخود شہریت مل جانے کے طریقہ کار کا خاتمہ کیا گیاہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران جنوبی مغربی مانسون کے ملک کے باقی حصوں میں پہنچنے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اگلے سات دن کے دوران شمال مغربی، وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ گجرات، کیرالہ، ماہے، مدھیہ مہاراشٹر اور اتراکھنڈ میں آج شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔
IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران پنجاب، ہریانہ، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان، مغربی راجستھان اور جموں و کشمیر کے لیے بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے پانچ دن تک مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اوڈیشہ، جھارکھنڈ، بہار، مغربی بنگال اور سکم میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔x

## Sports Roundup

کرکٹ میں، انڈیا Women اور انگلینڈ Women کے درمیان، پانچ میچوں کی ٹی 20 بین الاقوامی سیریز آج سے نوٹنگھم کے ٹرینٹ برج میں شروع ہو رہی ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق آج شام سات بجے کھیلا جائے گا۔
ایشین اِسنوکر ٹیم چیمپین شپ میں بھارت، قطر پر تین صفر سے شاندار جیت حاصل کرنے کے بعد سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ بھارت کا مقابلہ، اب ہانگ کانگ اور بحرین کے درمیان میچ میں جیتنے والی ٹیم سے سیمی فائنل میں ہوگا۔
اور شطرنج میں، بھارتی گرانڈ ماسٹر آر پرگنہ نندھا نے کل تاشقند میں ازبکستان ماسٹرس کپ جیت لیا۔ اِس جیت کے ساتھ ہی انھوں نے نہ صرف ایک شاندار بین الاقوامی ٹورنامنٹ جیتا بلکہ وہ اپنے کیریئر میں پہلی بار Live کلاسیکل FIDE درجہ بندی میں بھارت کے بہترین شطرنج کھلاڑی بن گئے ہیں۔

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

### شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے چین میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع کی میٹنگ کے موقع پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی تنظیم کے رکن ممالک کے وزراء دفاع سے ملاقات کی خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔
روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکس پریس سمیت کئی دیگر اخبارات نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ بھارت چین سرحد پر مستقل امن کی ضرورت ہے۔
روزنامہ ملاپ کی شہ سرخی ہے ''بھگوان جگن ناتھ کی سالانہ رتھ یاترا شروع''، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیراعظم نریندر مودی نے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا نے قومی راجدھانی میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ذریعے ایم ایس ایم ای ڈی 2025 انٹر پرینیور انڈیا کا افتتاح کیے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔
روزنامہ انقلاب نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے اس بیان کو اپنے عالمی صفحے پر نمایاں کیا ہے کہ ''جوہری تنصیبات پر حملے کے بعد امریکہ کے ساتھ مذاکرات کا امکان نہیں ہے۔

راشٹریہ سہارا اور کچھ دیگر اخبارات نے اسرائیل کے ایک اخبار کے حوالے سے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے ٹرمپ سے غزہ جنگ دو ہفتے کے اندرختم کرنے پر اتفاق سے متعلق خبر شائع کی ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندرمودی آج نئی دلی میں،جین برادری کے روحانی پیشوا آچاریہ ودیانندجی مہاراج کی صدسالہ تقریبات کا افتتاح کریں گے۔

2 بھارت نے وادی سندھ کے آبی سمجھوتے کے تحت، ثالثی کی، غیرقانونی طور پر تشکیل شدہ عدالت کی طرف سے دیئے گئے ضمنی حکم کو مسترد کردیاہے۔بھارت نے اِسے دہشت گردی کے عالمی مرکز کے طور پر اپنے رول کے تئیں جوابدہی سے بچنے کی پاکستان کی ایک اور ترکیب قرار دیاہے۔

3 آپریشن سندھو کے تحت ایران اور اسرائیل کے، تنازعے والے علاقوں سے ابھی تک 4ہزار 400 سے زیادہ باشندوں کو نکالا گیاہے۔

4 سرکاری، Mazagon Dock Shipbuilders، سری لنکا کولمبو گودی میں،شیئرز کا کنٹرولنگ حصہ حاصل کرے گی۔

5 اور خواتین کرکٹ میں آج شام نوٹنگھم میں پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔